© rasailojaraid.com

(تبصرہ)

# برگِ گل (تعلیمی پالیسی نمبر)

اُردو کالج ملک کا نامور تعلیمی ادارہ ہے۔ اس نے تعلیمی و علمی میدان میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس کو بابائے اُردو مولوی عبدالحق مرحوم نے قائم کیا تھا۔ مئی ۱۹۷۵ء میں اس قومی ادارے کی سلور جوبلی منائی گئی۔ اس موقعہ پر برگ گل کا تعلیمی پالیسی نمبر شائع کیا گیا ہے۔ اس میں تعلیمی پالیسی پر کئی معلوماتی مضمون ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس میں برصغیر کی تعلیمی تاریخ کا تحقیقی و مثبت پس منظر پیش کیا گیا ہے۔ برصغیر کے قدیم تعلیمی اداروں، دارالعلوم دیوبند، ندوۃ العلماء، جامعہ عثمانیہ، دلّی کالج وغیرہ پر نہایت معلوماتی اور سیر حاصل مضمون شامل ہیں۔ اس طرح پاکستان کے مختلف صوبوں کے قدیم و جدید اداروں پر اچھے مضمون شامل ہیں۔ خاص طور سے سندھ کے تعلیمی ادارو پر محققین نے دل کھول کر لکھا ہے گویا سندھ کی تعلیمی تاریخ کا مرقع موجود ہے۔ حیدرآباد کی تعلیمی ترقی، سکھر کی تعلیمی ترقی، سندھ مدرسۃ الاسلام (کراچی) مدرسہ مظہر العلوم، سندھ کی تعلیمی ترقی گزیٹیرس کی روشنی میں، سندھ کی تعلیمی حالت ۱۹۰۷ء تک نہایت وقیع مقالے ہیں۔ رسالے میں طلبہ و اساتذہ کے علاوہ مُلک کے نامور عُلماء، محققین اور دانشوروں کے رشحاتِ قلم شامل ہیں۔

ہم اس کامیاب پیشکش پر پرنسپل کالج پروفیسر محمد خلیل اللہ صاحب اور پروفیسر محمد ایوب قادری (نگراں برگ گل) کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

(مدیر)

---

(غلام مصطفیٰ قاسمی نے زاہد پریس حیدرآباد سے چھپوا کر شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدرآباد سے شائع کیا)

© rasailojaraid.com